فوری ریلیز کے لیے: 2024/19/8 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ نیو یارک سٹی میں ارزاں رہائش گاہوں کی ڈی کاربنائزیشن کے لیے $16.5 ملین اب دستیاب ہیں

موجودہ عمارتوں کے پروگرام کے لیے پائیدار اور مساوی ڈی کاربنائزیشن اقدام کے ذریعے ریاست اور شہر کی شراکت داری میں توسیع کی گئی ہے

اس سرمایہ کاری سے بجلی اور توانائی کی کارکردگی بڑھانے والے اپ گریڈز میں توسیع کی گئی ہے تاکہ کم سے متوسط آمدنی والے رہائشیوں کو زیادہ فائدہ پہنچایا جائے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیو یارک سٹی میں موجودہ ارزاں رہائش گاہوں کو ڈی کاربنائز کرنے کے لیے 16.5$ ملین اب دستیاب ہیں جو موجودہ عمارتوں کے پروگرام کے لیے پائیدار اور مساوی ڈی کاربنائزیشن اقدام (Resilient and Equitable Decarbonization Initiative for Existing Buildings, REDi: EB) کے ذریعے دستیاب بنائے جائیں گے۔ یہ فنڈنگ ریاست نیو یارک اور نیو یارک سٹی کے درمیان ایک باہمی شراکت داری کی توسیع ہے تاکہ نیو یارک سٹی کے رہائش گاہوں کے تحفظ اور ترقی کے محکمے (Housing Preservation and Development, HPD) کی جانب سے باضابطہ قرار دی گئی عمارات میں بجلی اور توانائی کی کارکردگی کے ریٹروفیٹ اپ گریڈز کے لیے، ارزاں رہائش گاہوں والی عمارتوں کے مالکان اور ڈویلپرز کو فنڈنگ تک آسان رسائی فراہم کی جا سکے۔ HPD عمارتوں کو جدت آمیز بناتے ہوئے رہنے کی انتہائی باکفایت جگہوں میں تبدیل کرنے سے معدنی ایندھن کا استعمال کم کرنے، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے اور کم سے درمیانی آمدنی والے رہائشیوں کے لیے اندرونِ خانہ ہوا کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

"نیو یارک سٹی کے ساتھ شراکت داری میں، ہم عمارتوں سے اخراج میں کمی لانے اور موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے فنڈنگ میں پیش رفت کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ڈویلپرز اور عمارتوں کے مالکان کو ان وسائل تک رسائی حاصل ہو جو ارزاں رہائش گاہوں میں ریٹروفٹ کے لیے انہیں درکار ہے تاکہ ہم غیر محفوظ کمیونٹیز میں عمارتوں کو ڈی کاربنائز کر سکیں۔"

آج کے اعلان کے ساتھ، [REDi: EB](#) کے ذریعے $15 ملین اب دستیاب ہیں، جو کہ اخراجات میں اضافے کا احاطہ کرنے کی خاطر، پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے ساتھ شراکت داری میں HPD کے زیر انتظام ہیں تاکہ کمروں کی ہیٹنگ اور گھریلو سطح پر گرم پانی کی فراہمی کی حکمت عملی کے ساتھ برقی کاری کی جائے اور بہتر موصلیت، کھڑکیوں اور ہواداری کے نظاموں کے ذریعے عمارت کے تحفظ میں بہتری لائی جائے۔ NYSERDA، HPD، اور تکنیکی کنسلٹنٹس، پروجیکٹ ٹیموں کے ساتھ مل کر ایک دائرہ کار کا تعین کریں گے جو ہر پروجیکٹ کے لیے بہترین طور پر کارآمد ثابت ہو۔ زیادہ سے زیادہ ایوارڈ فی عمارت $1 ملین یا کثیر عمارتی پروجیکٹس کے لیے $2 ملین تک ہے۔ تعمیراتی مرحلے کے دوران HPD کی طرف سے پروجیکٹ کو مراعاتی فنڈز ادا کیے جائیں گے۔

اس کے علاوہ، REDi: EB میں حصہ لینے والے پروجیکٹس کے لیے ڈیزائن، تعمیر اور تعمیر کے بعد کے مراحل میں تکنیکی معاونت کے لیے اب 1.5$ ملین دستیاب ہیں۔ درخواستیں **31 دسمبر 2025** تک، یا فنڈز ختم ہونے تک وصول کی جائیں گی۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "NYSERDA اور HPD کے باہمی اقدام سے توانائی کے استعمال اور کثیر خاندانی عمارتوں کے کاربن فٹ پرنٹ میں کمی لانے والی صاف اور مؤثر ٹیکنالوجیز کے قابل نقل استعمال کو آگے بڑھایا جائے گا۔ اس فنڈنگ سے نہ صرف نیو یارک سٹی میں رہنے والوں کے لیے صاف، آرام دہ اور صحت، مند رہنے والے ماحول تک رسائی کو بڑھانے میں مدد ملے گی بلکہ آنے والے برسوں میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے حوالے سے ان عمارتوں کی پائیداری کو مستحکم بنانے میں بھی مدد ملے گی۔"

محکمہ برائے تحفظ ہاؤسنگ و ترقی کے کمشنر Adolfo Carrión Jr. نے کہا، "REDi کے ذریعے سے، پائیدار اور ارزاں رہائش گاہوں تک منصفانہ رسائی کو یقینی بناتے ہوئے موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کے سلسلے میں ہمارے مشن میں ایک اہم لمحہ کی نشاندہی ہوتی ہے۔ موسمیاتی تبدیلی سے ہمارے شہر کا ہر گوشہ متاثر ہو گا لیکن نیو یارک کے کمزور ترین شہری اس کے اثرات سب سے زیادہ محسوس کریں گے۔ یہ ہماری اخلاقی ضرورت ہے کہ جب ہم ارزاں رہائش کی تخلیق اور تحفظ پر کڑی توجہ مرکوز رکھتے ہیں تو ہم مزید پائیدار طرز عمل کی تخلیق کا کام کریں۔ آج، ہم نہ صرف اس طریقے میں تبدیلی لا رہے ہیں کہ جس سے ہم پائیدار رہائش گاہوں کی تعمیر کے لیے مالی اعانت فراہم کرتے ہیں، بلکہ ہم اس اہم کردار کی نئی تعریف بھی وضع کر رہے ہیں کہ جو ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف ہاؤسنگ ادا کرتی ہے۔"

یہ اقدام HPD کے بھرپور مؤثر پائیدار اور مساوی ڈی کاربنائزیشن اقدام (Resilient & Equitable Decarbonization Initiative, REDi) کا حصہ ہے، جو کہ ایک طویل مدتی ہاؤسنگ ڈی کاربنائزیشن پروگرام ہے جو فنڈنگ اور تکنیکی معاونت کے متعدد موجودہ اور مستقبل کے پروگراموں کو 2030 تک کے لیے ایک ہی چھتری کے نیچے یکجا کرتا ہے۔ آج کا یہ اعلان 24$ ملین کے HPD-NYSERDA ریٹرو فٹ الیکٹریفیکیشن پائلٹ پر بھی مبنی ہے، جو 2021 میں شروع ہوا تھا، جس کے تحت 600 سے زیادہ گھرانوں کے کام آنے والی 17 عمارتوں میں الیکٹریفیکیشن ریٹروفٹس کو فنڈ کیا گیا ہے، جبکہ کئی سو اضافی گھرانے اس پائلٹ کی انتظار کی فہرست میں موجود ہیں۔ مزید برآں، ان پروجیکٹس میں سے 50 فیصد پسماندہ کمیونٹیز میں واقع ہیں۔ پائلٹ اور REDi: EB پروگرامز دونوں ہی ریاست کے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ان مقاصد کی معاونت کرتے ہیں کہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کیا جائے، اور یہ بات بھی یقینی بنائی جائے کہ سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز تک پہنچیں جبکہ اسکا اگلا ہدف 40 فیصد ہو۔ HPD کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اور اس اقدام سے متعلق اطلاعات حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے، براہ کرم HPD کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ریاست نیو یارک میں گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "بہت سے ڈیٹا سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ رہائشی عمارتیں - خاص طور پر پرانی عمارتیں - بڑے پیمانے پر توانائی کا غیرمؤثر استعمال کرتی ہیں اور گرین ہاؤس گیسوں کی بڑی پیداوار کی وجہ ہیں۔ سٹی اور گورنر Hochul کے NYSERDA کے درمیان اس شراکت داری سے ریاست بھر میں صاف توانائی کے ضمن میں ہمارے اقدام کی تکمیل ہوتی ہے تاکہ انتہائی مؤثر، مکمل برق کاری شدہ ارزاں رہائش گاہوں کے لیے مراعات اور تکنیکی معاونت شامل کی جا سکے۔ HPD کے پاس اب ایسے اہم وسائل موجود ہیں جن کی مدد سے ان کے زیر نگرانی ہاؤسنگ اسٹاک میں سہولیات میں اضافے کیے جا سکتے ہیں اور جدید بنایا جا سکتا ہے تاکہ گھروں کے اندر اور آس پاس کے ماحول کے حالات کو بہتر بنانے کے ساتھ عمارتوں کی زندگیاں بڑھائی جائیں اور دوہرے فائدے کی یہ بات یقینی بنائی جائے کہ رہائشی ایک صاف ستھرے، صحت مند ماحول میں رہتے ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "جب کہ ہم CLCPA کے اہداف کی جانب مسلسل پیش رفت کر رہے ہیں، تو ہمیں اپنے موجودہ ہاؤسنگ اسٹاک کو ڈی کاربنائز کرنے کو ترجیح دینی ہو گی۔ ارزاں رہائشی شعبے کے لیے یہ تعاون فراہم کرنے پر، میں NYSERDA اور نیو یارک سٹی کی تعریف کرتا ہوں۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "فنڈنگ کی مد میں 16.5$ ملین کا آج کا اعلان نیو یارک سٹی میں ارزاں رہائشی یونٹس کو ڈی کاربنائز کرنے کے لیے اچھی خبر ہے۔ ابھی جبکہ صاف توانائی کی جانب ہماری منتقلی مسلسل جاری ہے، تو یہ بات یقینی بنانا ضروری ہے کہ نیو یارک کے کوئی بھی باشندے پیچھے نہ رہیں۔ میں ریاست کے باقی حصوں میں بھی ارزاں رہائش کے لیے فنڈ فراہم کرنے کے سلسلے میں اس طرح کے پروگرامز کو وسعت پاتا دیکھنے کی منتظر ہوں۔"

ریاست نیو یارک کی ارزاں ہاؤسنگ کی ایسوسی ایشن کی صدر اور چیف ایگزیکٹو Jolie Milstein نے کہا، "خاص طور پر نیو یارک سٹی جیسے گنجان شہری ماحول میں – ارزاں رہائش گاہوں کو ڈی کاربنائز کرنا، جرات مندانہ آب و ہوا اور صاف توانائی کے اہداف پورے کرنے کے لیے ضروری ہے، جہاں تعمیر شدہ ماحول ہی مجموعی اخراج کے دو تہائی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ موجودہ عمارتوں کے لیے پائیدار اور مساوی ڈی کاربنائزیشن انیشیٹو پروگرام کی جانب سے ڈویلپرز کو اہم وسائل فراہم کیے جائیں گے تاکہ موجودہ عمارتوں میں توانائی کی کارکردگی کے ضروری اپ گریڈز میں اضافہ کیا جائے اور شہر کے مجموعی کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے میں مدد کی جائے جبکہ ساتھ ہی ساتھ ارزاں رہائش کے بحران سے بھی نمٹا جائے گا۔ پانچوں بوروز کے علاقوں میں صاف ستھرے، سرسبز، اور صحت مند ارزاں گھروں میں سرمایہ کاری کرنے کی خاطر سٹی اور ریاستی لیڈرز کی مسلسل وابستگی پر، NYSAFAH کی جانب سے سٹی اور ریاستی رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

نیو یارک موسمیات اور توانائی کے قدرتی وسائل کے دفاع کی کونسل پالیسی کی ڈائریکٹر Samantha Wilt نے کہا، "ڈی کاربنائزیشن ریٹروفٹس سے نیویارک سٹی میں موجودہ ارزاں رہائش گاہوں کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ ارزاں رہائش گاہوں میں لگائے گئے، NYSERDA کے فنڈز سے ہوا کے معیار میں بہتری لائی جائے گی اور ہماری کچھ انتہائی زدپذیر کمیونٹیز کے لیے صحت عامہ کا تحفظ کیا جائے گا۔ فنڈنگ کے اس نئے سلسلے کے ساتھ، ریاست کی جانب سے مزید مکمل برقی آلات اور توانائی کی کارکردگی کو اپ گریڈ کیا جائے گا تاکہ اپنے آب و ہوا کے اہداف کے مزید قریب پہنچا جائے۔"

نیو یارک سٹی کی کونسل کمیٹی برائے ہاؤسنگ اور عمارات کی صدر Pierina Sanchez نے کہا، "خاص طور پر نیو یارک سٹی جیسے گنجان شہری ماحول میں – ارزاں رہائش گاہوں کو ڈی کاربنائز کرنا، جرات مندانہ آب و ہوا اور صاف توانائی کے اہداف پورے کرنے کے لیے ضروری ہے، جہاں تعمیر شدہ ماحول ہی مجموعی اخراج کے دو تہائی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ موجودہ عمارتوں کے لیے پائیدار اور مساوی ڈی کاربنائزیشن انیشیٹو پروگرام کی جانب سے ڈویلپرز کو اہم وسائل فراہم کیے جائیں گے تاکہ موجودہ عمارتوں میں توانائی کی کارکردگی کے ضروری اپ گریڈز میں اضافہ کیا جائے اور شہر کے مجموعی کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے میں مدد کی جائے جبکہ ساتھ ہی ساتھ ارزاں رہائش کے بحران سے بھی نمٹا جائے گا۔ پانچوں بوروز کے علاقوں میں صاف ستھرے، سرسبز، اور صحت مند ارزاں گھروں میں سرمایہ کاری کرنے کی خاطر سٹی اور ریاستی لیڈرز کی مسلسل وابستگی پر، NYSAFAH کی جانب سے سٹی اور ریاستی رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے سب سے اہم ذرائع میں سے ایک ذریعہ عمارات ہیں اور NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگرامز کے ذریعے عمارتوں کو کاربن کے مضر اخراج سے پاک کرنے کے لیے 6.8$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ عمارتوں میں توانائی کے مؤثر استعمال کا عمل بہتر بناتے ہوئے اور آن سائٹ اسٹوریج، قابل تجدید ذرائع اور گاڑیوں کی برقی چارجنگ کے آلات کی پوری ریاست میں تنصیب کا کام آگے بڑھاتے ہوئے، ریاست اپنے کاربن کے اخراج میں کمی لائے گی اور 2025 تک آن-سائٹ توانائی کی کھپت کو 185 TBtu تک کم کرنے کے حوالے سے ریاست کا پُرعزم ہدف حاصل کر لے گی جو کہ 1.8 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے برابر ہے۔

اس پروگرام کو ریاست کے کلین انرجی فنڈ (Clean Energy Fund, CEF) کے ذریعے فنڈ دیا جاتا ہے۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے لگ بھگ 3$ بلین، اورNY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹرڈ شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں